2 /32

0706E459

Candidate's Seat No :________

M.A. Sem.-2 Examination
P - 407
Urdu
June 2022

Time : 2-00 Hours]

[Max. Marks : 50

ہدایت : یہ سوالیہ پرچہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ حصہ اوّل میں کل آٹھ (۸) سوالات ہیں جن میں سے کسی بھی تین کے جوابات لکھنا ضروری ہے۔ حصہ دوّم میں کل سولہ (۱۶) معروضی سوالات ہیں جن میں سے کسی بھی آٹھ (۸) کے جوابات لازمی ہیں۔ سوال نامے میں درج نمبر ہی جوابی پرچے پر تحریر کریں۔

(حصہ اوّل)

سوال : ۱ اردو ادب میں رپورتاژ نگاری کی ابتداء اور ارتقاء پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

سوال : ۲ رپورتاژ کی ادبی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے فن پر بحث کیجئے۔

سوال : ۳ اُردو میں رپورتاژ کے مختلف موضوعات پر تفصیلی روشنی ڈالئے۔

سوال : ۴ قرۃ العین حیدر کی رپورتاژ نگاری کے اسلوبِ بیان پر خامہ فرسائی کیجئے۔

سوال : ۵ مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات لکھئے۔

(۱) رپورتاژ کی داخلی اور خارجی قدریں

(۲) رپورتاژ اور دیگر اصناف کے درمیان فرق

سوال : ۶ مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات لکھئے۔

(۱) رپوتاژ کے اجزائے ترکیبی

(۲) کرشن چندر کی رپورتاژ نگاری

سوال: ۷ مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات لکھئے۔

(۱) "ستمبر کا چاند" کا تجزیہ

(۲) رپورتاژ "لندن لیٹر" کا تجزیہ

سوال : ۸ مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات لکھئے۔

(۱) رپورتاژ "کوہِ دماوند" رپورتاژ کا تجزیہ

(۲) "صبح ہوتی ہے" رپورتاژ

(حصہ دوم)

سوال : ۹ مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی آٹھ (۸) معروضی سوالات کے جوابات لکھئے۔ ۸

(۱) عادل رشید نے کرشن چند کے "پودے" کی تقلید میں کس نام سے رپورتاژ لکھا؟

(۲) "رپورتاژ صرف چشم دید واقعات پر لکھا جا سکتا ہے۔" یہ کس کا قول ہے؟

(۳) "اُردو رپورتاژ تحقیق و تنقید" کتاب کے خالق کون ہیں؟

(۴) رپورتاژ کا لفظ پہلی بار کس سن میں استعمال کیا گیا؟

(۵) "شامِ فراق" کس کا رپورتاژ ہے؟

(۶) "مستقبل ہمارا ہے" کس ادیب نے تخلیق کیا؟

(۷) سجاد حیدر کی "یادیں" رپورتاژ کی اصل بنیاد کیا ہے؟

(۸) "بمبئی سے بھوپال تک" رپورتاژ کے خالق کون ہیں؟

(۹) "ستمبر کا چاند" رپورتاژ کس جاپانی لفظ سے اخذ کیا گیا ہے؟

(۱۰) قرۃ العین کے مطابق اردو کے پہلے رپورتاژ کا نام کیا ہے؟

(۱۱) کس رپورتاژ میں بمبئی کی زندگی کی مرقع کشی کی گئی ہے؟

(۱۲) "رپورتاژ میں کہانی کا حسن، ناول کی مہک اور ڈرامے کا وقار ملے گا۔" یہ کس کا قول ہے؟

(۱۳) "ستمبر کا چاند" پہلی مرتبہ کس رسالے میں شائع ہوا؟

(۱۴) قرۃ العین کا نام ان کے کس رشتے دار نے رکھا تھا؟ ان کا نام کیا ہے؟

(۱۵) "کتابوں کی تلاش" میں رپورتاژ کے خالق کون ہیں؟

(۱۶) عام طور پر رپورتاژ کے مختلف موضوعات میں کس موضوع پر سب سے زیادہ رپورتاژ لکھے گئے؟

---پایان---